Ref: GSPL/PR/26/14/032
Date: 14/01/2026

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

پریس ریلیز

گروسیف کی ٹرینیز سمیت تمام اسٹاف کے لیے میڈیکل انشورنس

کراچی: گروسیف نے ٹرینیز سمیت تمام اسٹاف کو فیملی ہیلتھ تکافل کارڈز فراہم کرکے نجی شعبے میں شمولیتِ افرادِ کار کے حوالے سے نئی مثال قائم کردی۔

صحت، حفاظت اور ماحولیات کے ادارے نے اپنے مستقل اسٹاف کے ساتھ ساتھ ٹرینی انجینئرز (TEs)، مینجمنٹ ٹرینی آفیسرز (MTOs)، اور ٹرینی آفیسرز (TOs) کو انشورنس پروگرام میں شامل کیا۔ تازہ اقدام جوبلی لائف انشورنس کے ساتھ معاہدے کے ذریعے ممکن ہوا، جس سے اسٹاف کی انفرادی اور پیشہ ورانہ بہبود مقصود ہے۔ یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کہ GSPL اس اقدام سے قبل بھی اپنے ممبران کو ایک قابل فیملی فزیشن، یعنی رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹشنر (RMP) کے ذریعے ٹیلی کلینک کی سہولت فراہم کرتا آرہا ہے۔

کارڈز حوالے کرانے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمانِ خصوصی، سینئر سولِ سرونٹ (BPS-20) ڈاکٹر اقبال سعید خان نے زیر تربیت ممبران سمیت تمام اسٹاف کے لیے صحت کو پہلی ترجیح بنانے کے عمل کو سراہا۔ ڈاکٹر اقبال، جو متاثر کن تعلیمی ریکارڈ کے علاوہ کئی کلیدی حکومتی ذمداریوں بشمول ڈائریکٹر جنرل سندھ انوائرنمنٹ پروٹیکشن ایجنسی کے عہدے پر فائز رہ چکے ہیں، نے دورِ حاضر کے پیچیدہ معاشی اور ماحولیاتی حالات کے ضمن میں افراد کی صحت اور سماجی حفاظت کے حوالے سے ادارہ جاتی ذمداری کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

اس موقع پر گروسیف کی انتظامیہ کا کہنا تھا کہ ادارے میں اولیت افرادِ کار کو حاصل ہے، اور وہ تمام تر اسٹاف کے لیے محفوظ، صحت مندانہ، اور معاون پیشہ ورانہ ماحول کو پروان چڑھانے کے عزم پر قائم ہے۔

تقریب میں جوبلی انشورنس کے نمائندگان نے شرکاء کو تکافل پروگرام کے دائرہ کار، فوائد، اور طویل المدتی حفاظت کے نظام کے حوالے سے آگاہی فراہم کی۔

آخر میں مہمان خصوصی کی جانب سے اسٹاف میں کارڈز کی تقسیم اور شرکاء کے ساتھ ون-ٹو-ون گفتگو کی گئی۔ ڈاکٹر اویس اقبال، جو جامعہ کراچی کی انسٹیٹوٹ آف انوائرنمنٹ اسٹڈیٹیز سے فلاسفی میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری رکھتے ہیں، نے تقریب میں بطور اعزازی مہمان شرکت کی۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED
MEDIA DEPARTMENT

حسان صدیقی
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا

Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe